Jubilee
LIFE INSURANCE



جوبلی اسمارٹ لائف ریٹائرمنٹ پلان

پوری زندگی کے کام کاج اور محنت کے بعد ہر شخص ذہنی سکون اور مالی آسودگی چاہتا ہے۔ جوبلی لائف انشورنس اپنے ڈسٹری بیوشن پارٹنر عسکری بینک کے ساتھ پیش کرتا ہے اسمارٹ لائف ریٹائرمنٹ پلان، جو آپکو اعتماد کے ساتھ نئی منزلیں پار کرنے اور نئے اہداف حاصل کرنے میں مدد دیتا ہے۔ اس پلان میں مستقل ادائیگیاں کر کے آپ اس فکر سے آزاد ہو سکتے ہیں کہ آپکی اگلی آمدن کیسے ہوگی یا کہیں آپ اپنے پیاروں پر بوجھ تو نہیں بنیں گے۔

پلان کی خصوصیات:

- آپکی ریٹائرمنٹ کے لئے بچت کے ساتھ آپکے خاندان کے لئے یقینی لائف انشورنس کی ضمانت
- پلان کی تکمیل پر پنشن کا اختیار تاکہ آپ ریٹائرمنٹ کے بعد بھی اپنا معیار زندگی یوں ہی جاری رکھ سکیں
- آپکی بچت سے آپکی مرضی کے فنڈز میں سرمایہ کاری
- بیمہ کی رقم از خود منتخب کرنے کی سہولت، جو آپکے انتقال کی صورت میں آپکے خاندان اور پیاروں کو ادا کی جائے گی
- مختلف اختیاری فوائد کے ذریعے تحفظ میں اضافہ کی سہولت
- پالیسی کی مدت کے دوران اضافی بچت سے سرمایہ کاری میں اضافہ کی سہولت
- **پالیسی ہولڈر پالیسی دستاویزات کی وصولی کے 14 دن کے اندر پالیسی کو منسوخ کرواسکتا ہے۔**

تحفظ:

آپ کی موت کی صورت میں آپ کے نامزد کردہ ورثاء، سم اشورڈ کے علاوہ پریمیئم ادائیگیاں یا پالیسی کی کیش ویلیو میں سے جو بھی زیادہ ہو حاصل کر سکیں گے۔

پالیسی ہولڈر کو حاصل ڈیتھ بینیفٹ میں پریمیئم کی ادائیگی کے مطابق رد و بدل ہو سکتا ہے۔ پریمیئم ادائیگی میں ایڈ ہاک پریمیئم کی شمولیت نہیں ہوگی اور اس میں قبل ازیں کی گئی جزوی دستبرداری کی رقم پہلے ہی کاٹ لی جائے گی (اگر کی گئی ہو تو)۔

پلان کی تکمیل:

پلان کی تکمیل پر آپ پالیسی کی کیش ویلیو کے اہل ہوں گے۔ پلان کی تکمیل پر اگر آپکی عمر 55 سال یا اس سے زائد ہے تو آپکو یہ اختیار دیا جائے گا کہ آپ اپنی کیش ویلیو کو پنشن کے طور پر استعمال کر سکیں۔ یہ اختیار خاص طور پر ایسے افراد کے لئے ترتیب دیا گیا ہے جو ریٹائرمنٹ پر یکمشت رقم کے بجائے مستقل بنیاد پر ملنے والی رقم کو ترجیح دیتے ہیں۔

اختیاری فوائد:

آپ مندرجہ ذیل میں سے کوئی بھی اختیاری فائدہ اپنے پلان کے ساتھ منسلک کر سکتے ہیں:

حادثاتی موت:

حادثاتی موت واقع ہونے کی صورت میں اس بینیفٹ کے تحت اضافی رقم کی ادائیگی کی جائیگی۔

حادثاتی موت یا معذوری:

حادثاتی موت **یا** معذوری کی صورت میں اس بینیفٹ کے تحت ایک اضافی رقم کی ادائیگی کی جائے گی۔

ہاسپٹلائزیشن کیش رائڈر:

ہسپتال میں داخلے کی صورت میں یومیہ ادائیگی ہوگی۔ مخصوص پیچیدہ بیماریوں میں سے کسی کی وجہ سے ہسپتال میں داخلے کی صورت میں یہ بینیفٹ دگنا ادا کیا جائے گا۔ انتہائی نگہداشت وارڈ میں داخلے کی صورت میں اضافی فوائد کی ادائیگی ہوگی۔ اس بینیفٹ کے تحت بچوں اور جیون ساتھی کو بھی کور کیا جا سکتا ہے۔

فنڈز مینجمنٹ:

جوبلی لائف مندرجہ ذیل فنڈز کی سہولت پیش کرتی ہے۔آپ چاہیں تو اپنا تمام پریمیئم کسی ایک فنڈ میں جمع کروا سکتے ہیں یا چاہیں تو اپنے پریمیئم کے حصے کر کے ایک سے زائد فنڈز میں جمع کروا دیں۔

مینجڈ فنڈ: (Managed Fund)

اس فنڈ کا مقصد شیئرز، حکومتی اور دیگر فکسڈ انکم سیکیورٹیز اور کیش ڈپازٹس میں متوازن سرمایہ کاری کے ذریعے سرمائے کو زیادہ سے زیادہ بڑھانا ہے۔

یقین گروتھ فنڈ: (Yaqeen Growth Fund)

یقین گروتھ فنڈ کا مقصد جوبلی لائف کے پالیسی ہولڈرز کو ایسے فکسڈ انکم سیکیوریٹیز کا وسیع پورٹ فولیو فراہم کرنا ہے، جس میں اکویٹی کا کوئی انسر نا ہو۔ یقین گروتھ فنڈ ایسے افراد کے لئے مناسب ہے، جو ڈیبٹ سیکیوریٹیز کے زیر اثر سرمایہ کاری سے منافع حاصل کرنا چاہتے ہیں۔

میثاق فنڈ: (Meesaq Fund)

اس فنڈ کا مقصد سرمایہ کاروں کو بلاسود سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ میثاق فنڈ کی سرمایہ کاری منتخب اسٹاکس، سکوک بانڈز، اسلامک بینک کے مختصر معیاد کے ڈپازٹس، اسلامک میوچل فنڈز، اسلامک بینک کے فکسڈ انکم فنڈز اور دیگر کارآمد بلاسود سرمایہ کاری کے شعبوں میں کی جاتی ہے۔

کیپٹل گروتھ فنڈ: (Capital Growth Fund)

اس فنڈ کا مقصد پالیسی ہولڈرز کے لئے زیادہ سے زیادہ منافع کا حصول ہے جس کے لئے شیئرز، ٹرم فنانس سرٹیفکیٹس اور بینک ڈپازٹس جیسے اثاثوں میں سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔

آپ کے پریمیم ، بطور ڈیفالٹ ، جوبلی لائف انشورنس کے یقینی گروتھ فنڈ میں مختص کیے جائیں گے۔ یہ مختلف منی مارکیٹ اور سرکاری قرضوں کی سیکیورٹیز کے متنوع پورٹ فولیو میں سرمایہ کاری کرکے کم سے کم خطرے کے ساتھ ، درمیانی مدت سے طویل مدتی تک مسابقتی منافع پیش کرتا ہے اور اس میں ایکویٹی سیکیورٹیز میں کوئی سرمایہ کاری نہیں ہے۔

تاہم ، آپ کے پاس اعلانیہ فارم پر دستخط کرکے ڈیفالٹ انویسٹمنٹ فنڈ کے علاوہ اپنی پسند کے کسی بھی فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کا اختیار ہے۔

آپ کے سرمایہ کاری شدہ پریمیم کا انتظام ماہر انویسٹمنٹ مینیجرز کے ذریعہ کیا جاتا ہے اور اس کو تقویت پریمیم فنانشیل سیکورٹیز سے ملتی ہے تاکہ بہترین منافع کو قابل برداشت خطرے کے ساتھ یقینی بنایا جاسکے۔

آپ کے پریمیم منصوبے کی مدت کے دوران سرمایہ کاری پر منافع حاصل کریں گے۔ منتخب شدہ مدت کے اختتام پر ، آپ کو اپنی جمع شدہ نقد قیمت یکمشت میں مل جائے گی۔

نوٹ: ان فنڈز کی ماضی کی کارکردگی لازمی طور پر ان فنڈز میں سے کسی کی مستقبل کی کارکردگی کی ضمانت نہیں ہے۔

جوبلی لائف کے فنڈ کی یونٹ کی قیمتیں تمام معروف روزناموں اور جوبلی لائف کی ویب سائٹ : www.jubileelife.com پر شائع ہوتی ہیں۔

افراطِ زر سے مقابلہ:

افراطِ زر سے مقابلہ کرنے کے لئے آپ کی پالیسی میں انڈیکسیشن کا اختیار موجود ہے۔اس اختیار کے تحت آپ کا پریمیئم ہر سال کمپنی کی مقرر کردہ حد کے مطابق بڑھتا رہے گا۔ مگر آپ کو اختیار ہے کہ آپ چاہیں تو انڈیکسیشن کو منسوخ کروادیں۔

ایڈہاک پریمیئم ادائیگی:

آپ پالیسی کی میعاد کے دوران اضافی رقم کی سرمایہ کاری کرکے اپنی باقاعدہ سرمایہ کاری میں اضافہ کرسکتے ہیں۔

میچورٹی سے قبل رقم کا حصول:

آپ اپنے فنڈز سے کسی بھی وقت (مکمل یا جزوی طور پر) دستبردار ہوسکتے ہیں بشرطیکہ آپ نے پالیسی کے دوسال کا پریمیئم ادا کررکھا ہو۔

جزوی دستبرداری:

اگر آپ کسی ہنگامی صورتحال سے نبرد آزما ہونے کے لیے رقم نکلوانا چاہتے ہیں مگر پالیسی سے دستبردار نہیں ہونا چاہتے تو آپ رقم نکلواسکتے ہیں بشرطیکہ دستبرداری کے بعد پالیسی کی باقی ماندہ کیش ویلیو کم از کم 18,000 ہزار روپے ہو۔

مکمل دستبرداری:

دستبرداری کے وقت آپکو پالیسی کی مکمل کیش ویلیو ادا کی جائے گی۔ابتدائی سالوں میں دستبرداری کے نتیجے میں کیش ویلیو میں کمی کا اندیشہ ہے۔

مزید معلومات:

یونٹ ایلوکیشن:

آپکے پریمیئم کی اس طرح ایلوکیشن ہوگی:

پالیسی سال	ایلوکیشن (سالانہ بنیادی پریمیئم کا تناسب %)
1	50%
2	80%
3	90%
4 **اور اس کے بعد**	100%
6 **اور اس کے بعد**	103%
ایڈہاک	100%

کیا اس پلان میں کوئی بونس مختص ہوگا؟

جوبلی اسمارٹ لائف ریٹائرمنٹ پلان کے تحت ، چھٹے سال اور اس کے بعد جوبلی لائف انشورنس اپنے صارفین کو یونٹ اکاؤنٹ میں بونس مختص کرے گی۔ یہ نیچے دیئے گئے شیڈول کے مطابق فراہم کیا جائے گا۔

بونس ریلو کیشن	پالیسی کا سال
3%	6 سال اور اس سے زیادہ

اہلیت اور میعاد:

یہ پلان عسکری بینک کے ان تمام صارفین کے لئے ہے جنکی عمر 18 سے 50 سال تک ہے ۔ پلان کی کم از کم میعاد 10 سال اور زیادہ سے زیادہ 57 سال ہے بشرطیکہ پلان کی تکمیل پر زیادہ سے زیادہ عمر 75 سال ہو۔

پریمیئم ادائیگی:

پلان کا بنیادی سالانہ پریمیئم 18,000 روپے ہے۔آپ اپنا پریمیئم سالانہ، ششماہی، سہ ماہی یا ماہانہ بنیاد پر ادا کر سکتے ہیں۔

مفت تجرباتی دورانیہ:

جوبلی لائف آپکو 14 دن کے مفت تجرباتی دورانیے کی سہولت پیش کرتی ہے جس کے دوران آپ اپنی پالیسی کی شرائط وضوابط کا جائزہ لے سکتے ہیں اور چاہیں تو پالیسی منسوخ بھی کر سکتے ہیں۔ پالیسی دستاویز کی وصولی کے 14 دن کے اندر آپ کی تحریری درخواست موصول ہونے کی صورت میں آپ کا پریمیئم واپس کر دیا جائے گا۔ جوبلی لائف اس سلسلے میں صارف کے طبی معائنے پر ہونے والے اخراجات کی کٹوتی کا حق محفوظ رکھتی ہے ۔

چارجز:

پلان پر درج ذیل چارجز* لاگو ہوں گے:

بڈ / آفر اسپریڈ	بنیادی پریمیئم کا 5%
انویسٹمینٹ مینجمنٹ چارج	فنڈ ویلیو کا 1.5% سالانہ
انتظامی فیس	145 روپے ماہانہ
فنڈ سوئچنگ چارجز	500 روپے اگر فی سال چار سے زائد منتخب کیا گیا ہو
مورٹیلٹی چارجز	ایس ای سی پی فائلنگ کے مطابق مورٹیلٹی چارجز کا اطلاق

* جوبلی لائف کی جانب سے تمام چارجز پر نظر ثانی کی جاسکتی ہے

ڈسکلیمرز :

- یہ پروڈکٹ جوبلی لائف کی جانب سے پیش کی جارہی ہے۔ عسکری بینک لمیٹڈ یا اس سے ملحقہ ادارہ اس سے متعلقہ کسی چیز کا ضامن نہیں ہوگا اور نہ ہی یہ پروڈکٹ بینک کی جانب سے پیش کی جارہی ہے۔
- عسکری بینک لمیٹڈ، جوبلی لائف کے لئے تقسیم کار کی حیثیت سے کام کررہا ہے اور کسی طور پر بھی کسی شخص، بیمہ شدہ فرد یا وارث کو جوابدہ نہیں ہے۔
- جوبلی لائف کے فنڈز کی ماضی کی کارکردگی ضروری نہیں ہے کہ مستقبل کی کارکردگی کی نشاندہی کرے۔ کوئی بھی کی گئی پیشن گوئی ضروری نہیں کہ فنڈز کے مستقبل کی کارکردگی کو ظاہر کرے۔ اس سلسلہ میں نہ تو جوبلی لائف اور نہ ہی عسکری بینک لمیٹڈ پر اس کی ذمہ داری عائد ہوگی۔
- ذاتی السٹریشن ہمارے سیلز کی نمائندے کی جانب سے فراہم کی جائے گی۔ براہ کرم دیگر شرائط وضوابط کی تفصیلات جاننے کئے لیے السٹریشن میں دیئے گئے نوٹس کا مطالعہ کریں۔
- براہِ کرم دیگر شرائط وضوابط کے تفصیلی جائزے کے لئے پالیسی دستاویزات کا مطالعہ کریں۔
- پالیسی حاصل کرتے وقت بیمہ دار کی عمر 55 سال ہو یا اس سے کم ہو تو اسے ضمنی فوائد دیئے جاسکتے ہیں۔
- **جوبلی لائف انشورنس اس بیمہ پالیسی کا انڈر رائٹر اور فراہم کنندہ ہے اور پالیسی کی خدمت، لاجمنٹ، پروسیسنگ اور انشورڈ کسٹمرز اور بینیفیشریز کے کلیم کے تصفیہ کا ذمہ دار ہے۔**
- **سرمایہ کاری کا خطرہ پالیسی ہولڈر برداشت کرے گا اور اصل سرینڈر ویلیو اور میچورٹی ویلیو پروجیکٹڈ ویلیو سے کم یا زیادہ ہوسکتی ہے۔ پالیسی ہولڈر پہلے سے طے شدہ فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کا انتخاب کرتا ہے تو اس کے لیے اعلامیہ پر دستخط کرنا ضروری ہے۔**
- براہ کرم بنیادی فنڈ کے ٹارگٹ ایسٹ مکس کی معلومات کے لئے کمپنی کی ویب سائٹ ملاحظہ کیجیئے:

https://www.jubileelife.com/funds-2/fund-manager-reports/

جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ

ہیڈ آفس: 74/1-A لالہ زار ایم ٹی خان روڈ، کراچی، 74000 ، پاکستان

فون: (021)35205095 فیکس: (021) 35610959

ای میل: info@jubileelife.com, complaints@jubileelife.com

ویب سائٹ: www.jubileelife.com

یو اے این: 554-111-111 (021) ایس ایم ایس: اپنا سوال لکھ کر 8554 پر ارسال کریں

askaribank LIMITED

Askari bank is acting as a corporate agent/distributor of JLI

عسکری بینک لمیٹڈ:

ہیڈ آفس، فرسٹ فلور، اے ڈبلیو ٹی پلازہ، دی مال، راولپنڈی، پاکستان

یو اے این: 787-000-111 فیکس: (051)9272455

ویب سائٹ: www.askaribank.com.pk